اصطلاحات حدیث

کتب احادیث کی اقسام

کتب صحاح :

ہر وہ کتاب جس کے مؤلف نے اپنی کتاب میں صحیح روایات لانے کا التزام کیا ہو اور "صحیح" کے لفظ کو کتاب کے نام کا حصہ بنایا ہو۔ ایسی کتاب کی روایات کم از کم اس کے مؤلف کے نزدیک صحیح ہوتی ہیں۔ اور اگر وہ خود ہی کسی حدیث کی علت بیان کر دے تو اس سے اس کتاب کے صحیح ہونے پر حرف نہیں آتا۔

صحاح ستہ :

حدیث کی چھ کتب صحیح بخاری، صحیح مسلم، سنن ابوداوٗد، سنن نسائی، جامع ترمذی اور سنن ابن ماجہ "صحاح ستہ" کہلاتی ہیں۔ انہیں "اصول ستہ" یا "کتب ستہ" بھی کہا جاتا ہے۔

پہلی دو کتابیں (صحیح بخاری، صحیح مسلم) "صحیحین" کہلاتی ہیں اور یہ صرف اپنے مؤلفین کے نزدیک ہی صحیح نہیں ہیں بلکہ پوری امت کے نزدیک صحت کے اعلیٰ درجے پر فائز ہیں۔ ان پر اعتراض برائے اعتراض کرنے والا شخص، شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ کے بقول، اجماع امت کا

مخالف اور بدعتی ہے۔

جبکہ آخری چار کتابوں (سنن ابوداؤد، سنن نسائی، جامع ترمذی اور سنن ابن ماجہ) کو سنن اربعہ کہتے ہیں۔ گو ان میں ضعیف احادیث موجود ہیں، تاہم صحیح حدیثوں کی کثرت کی وجہ سے اکثر علماء انہیں "صحاح ستہ" میں شمار کرتے ہیں۔

جامع :

جس کتاب میں اسلام سے متعلق تمام موضوعات، مثلاً : عقائد، احکام، تفسیر، جنت، دوزخ وغیرہ سے تعلق رکھنے والی احادیث روایت کی گئی ہوں، مثلاً : صحیح بخاری اور جامع ترمذی وغیرہ۔

سنن :

جس کتاب میں صرف عملی احکام سے متعلق احادیث فقہی تبویب و ترتیب پر جمع کی گئی ہوں، مثلاً : سنن ابی داود۔

مسند :

جس کتاب میں ایک صحابی یا متعدد صحابہ کی روایات کو الگ الگ جمع کیا گیا ہو، مثلاً : مسند احمد، مسند حمیدی۔

مستخرج :

جس کتاب میں مصنف کسی دوسری کتاب کی حدیثوں کو اپنی سندوں سے روایت کرے، مثلاً : مستخرج اسماعیلی علیٰ صحیح البخاری۔

مستدرک :

جس کتاب میں مصنف ایسی روایات جمع کرے جو کسی دوسرے مصنف کی شرائط کے مطابق ہوں لیکن اس کی کتاب میں نہ ہوں، مثلاً : مستدرک حاکم۔

معجم :

جس کتاب میں مصنف ایک خاص ترتیب کے ساتھ اپنے ہر استاد کی روایات کو الگ الگ جمع کرے، مثلاً : معجم طبرانی۔

اربعین :

جس کتاب میں کسی ایک یا مختلف موضوعات پر چالیس احادیث جمع کی گئی ہوں، مثلاً : اربعین نووی، اربعین ثنائی وغیرہ۔

جزء :

وہ کتاب جس میں صرف ایک راوی یا ایک موضوع کی روایات جمع کی گئی ہوں، جیسے امام بخاری رحمہ اللہ کی "جزء رفع یدین" اور "جزء القراءۃ خلف الامام" یا امام بیہقی رحمہ اللہ کی "کتاب القراءۃ خلف الامام" وغیرہ۔

تمام اصطلاحات دیکھیے

⬅️ Back